

موبائل فونز کے ذریعے شہر بھر کی معلومات

21ویں صدی کے شہریوں کے لیے دوروبہ رابطے کا کے ایم سی وژن

تحریر: ڈاکٹر شوکت زماں
سینئر ڈائریکٹر میونسپل سروسز

رائزنگ کراچی ایک بلا معاوضہ فراہم کی جانے والی موبائل ایپلی کیشن ہے جو میٹروپولیٹن شہریوں کے لیے کے ایم سی خدمات کو ایک نئے اور بہتر انداز سے پیش کرنے کا طریقہ ہے۔ یہ متعدد خدمات کے بارے میں معلومات اور ان کے استعمال میں اضافے میں مدد دے گی جو کے ایم سی طویل عرصے سے فراہم کررہی ہے لیکن جو تاحال استفادہ کرنے والے شہریوں کی نظروں سے اوجھل ہیں۔

رائزنگ کراچی کا میٹروپولیٹن کی تمام آبادی تک پہنچے کا نظریہ نہ صرف جدید ہے بلکہ وقت کے تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ جب سے میڈیا کے پیش گو مارشل میک لوہن نے ''گلوبل ویلج'' کا تجزیہ کیا ہے، لفظ گلوب انتہائی تیز رفتاری سے اپنے مطالب سے آگے نکل چکا ہے۔ ماضی کی متحرک میڈیا کمیونیکیشن کی جگہ اب انتہائی پرسنلائزڈ، تابناک اور اس گلوب کی اقوام اور افراد کے درمیان باآسانی قابل رسائی ''انٹرایکٹیو کمیونیکیشن'' نے لے لی ہے۔ 21ویں صدی اور وقت کی کمی کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے صارف یعنی لوگوں کے زیر استعمال جدید ٹیکنالوجی تک دوروبہ معلوماتی رسائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یہ وہ طریقہ ہے جس کے تحت رائزنگ کراچی میٹروپولیٹن شہریوں کے لیے اس خیال کو حقیقت کا رُوپ دے گا یعنی ''انٹرایکٹیو کمیونیکیشن آپ کی انگلیوں پر''۔

رائزنگ کراچی کی سہولت میٹروپولیٹن کے شہریوں کو تمام تر معلومات اُن کی انگلیوں پر فراہم کرتی ہے۔ یہ تمام میٹر و پولیٹن ڈپارٹمنٹس، ٹاؤنز اور یونین کونسلوں سے رابطے کیلئے ایک انٹرفیس ہے۔ اس سہولت سے استفادہ کرنے کی خواہش رکھنے والوں سے یہ صرف ایک سیکنڈ کی دوری پر ہے اور کے ایم سی اس کے لیے ایک کوڑی بھی وصول نہیں کررہی، یہ مکمل طور پر مفت اور یوزر فرینڈلی ہے۔

رائزنگ کراچی شہریوں تک براہ راست اور بلاتعطل پہنچنے کا سب سے انٹرایکٹیو اور تیز میڈیم ہے۔ رائزنگ کراچی عوامی اعلانات، الرٹس اور مختلف اشتہاری مہمات کے انتظام کو مزید بہتر بنادے گا۔

شہری شکایات درج کراسکتے ہیں، اسٹیٹس دیکھ سکتے ہیں، فیڈ بیک دے سکتے ہیں، کسی مخصوص دفتر یا درخواست کے طریقہ کار یا میٹروپولیٹن ترقیاتی منصوبوں کی معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ رائزنگ کراچی کے ایم سی افسران کی بھی اُن کے فرائض کی احسن انداز میں انجام دہی بشمول بہتر انتظام، تکمیل اور فیڈ بیک کے لیے معاونت کرے گی۔ رائزنگ کراچی کئی خدمات کا احاطہ کرے گا جس میں ہیلتھ، ٹریول، کے ایم سی ورک فلو، کراچی پیجز، کمپلینٹ اسٹیٹس، اعلانات اور الرٹس شامل ہیں۔ یہ شہریوں کی آگہی کے لیے بنیادی معلومات اور سروسز کے حصے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کی چیدہ خصوصیات یہاں ذیل میں دی جارہی ہیں:

ہیلتھ:

رائزنگ کراچی انٹرفیس میں ہیلتھ ڈپارٹمنٹ تمام سرکاری و نیم سرکاری اور نجی اسپتالوں کی معلومات فراہم کرتا ہے۔ ہیلتھ ٹیب رابطے کیلئے نمبر، ایڈریس اور تمام مشہور پبلک اور پرائیویٹ اسپتالوں کے ویب سائٹ لنکس فراہم کرتا ہے جس میں متعلقہ اسپتالوں دستیاب سہولتوں مثلاً کنسلٹنٹ/اسپیشلسٹ کی موجودگی اور اُن کی او پی ڈی کے شیڈول، لیبارٹریز/ٹیسٹ رپورٹس، اسپتالوں میں بستروں کی تعداد اور ویکسین، داخلے کے پیکیجز سب آپ کی انگلیوں پر موجود ہوتا ہے۔ یہ شہریوں کے لیے تمام ممکنہ وبائی امراض کی مکمل معلومات/وائرس کے خطرات، تدارک، علامات اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں بھی تفصیلی معلومات فراہم کرے گا۔

کوئی بھی اپنے علاقے میں موجود قریبی ڈاکٹر اور اسپیشلسٹ کی معلومات بھی حاصل کرسکتا ہے۔ ہیلتھ ٹیب ویکسینیشن سینٹرز کی ایک فہرست پیش کرتا ہے جس کے ساتھ ویکسینیشن شیڈول اور مطالعے کے لیے مواد بھی دستیاب ہے۔ ویکسینیشن کیلکولیٹر بھی شہریوں کے لیے دستیاب ہے جس میں وہ اپنے بچے کی تاریخ پیدائش درج کرکے اُن کے ویکسینیشن پیریڈ کا حساب لگاسکتے ہیں۔ او پی ڈی کی سہولت کے ذریعے شہری درکار کنسلٹنٹ/اسپیشلسٹ کو بمطابق متعلقہ اسپتال یا جغرافیائی لوکیشن تلاش کرسکتے ہیں۔ استعمال کنندہ یہ معلومات اپنے دوستوں کو بھی ارسال کرسکتا ہے یا بذریعہ ایس ایم ایس کسی کو بھی ارسال کرسکتا ہے۔

ٹریول انفارمیشن:

رائزنگ کراچی ٹریولنگ سے متعلق سوالات کا ایک

کلک پر حل فراہم کرتا ہے تاکہ کوئی بھی شخص اپنے دستیاب بجٹ کے حوالے سے بہترین ممکنہ آپشنز کو استعمال کر سکے۔ یہ ٹریولنگ جیسا کہ گرین بسوں، ایئر لائنوں، ٹیکسیوں، ٹرینوں، ٹریول ایجنسیوں وغیرہ کے بارے میں تمام معلومات فراہم کرتا ہے۔ میٹروپولیٹن شہری اور سیاح / وزیٹرز کسی بھی روٹ کی سمت نقطہ آغاز اور اختتام منتخب کر کے باآسانی جان سکتے ہیں۔

کراچی پیجز:

کراچی پیجز ایک مختصر آپشن ہے جو مختلف کاروباروں کی ٹیلی فون ڈائریکٹری کی مکمل فہرست پر مشتمل ہے۔ یہ ٹیب کراچی کے ٹاؤنز کی ایک ڈائریکٹری اور کے ایم سی کے محکموں کی پرسنلائزڈ فہرست استعمال کے لیے فراہم کرتا ہے۔ ٹاؤن کے اعتبار سے پولیس اسٹیشنوں کی ایک فہرست بھی دستیاب ہے۔ کراچی پیجز استعمال کنندہ کو کارگر معلومات فراہم کرتا ہے جس میں کراچی کے اہم عوامی مقامات، رہائش گاہوں، شاپنگ مالز، یوٹیلٹی اسٹورز اور ریسٹورنٹس کی معلومات شامل ہیں۔ کراچی میں کسی بھی مقام مثلاً پارکس، تفریحی مقامات، زولوجیکل اور بوٹینیکل گارڈنز، ساحلی ریزورٹس وغیرہ کو باآسانی اس ایپلی کیشن کی بدولت تلاش کیا جاسکتا ہے۔

فنگر ٹپ آپشن درکار جگہ کو تلاش کرنے میں مدد دیتا ہے اور اس کے بارے ضروری معلومات فراہم کرتا ہے۔ استعمال کنندگان کے ایمرجنسی رابطہ نمبرز بھی دستیاب ہیں۔ کوئی بھی کراچی پیجز میں فراہم کیے گئے غیر محدود آپشنز سے استفادہ کرسکتا ہے۔ کراچی پیجز ضلعی انتظامیہ، ٹاؤنز اور یونین کونسلوں کے بارے میں بھی بہتر آگاہی و معلومات فراہم کرتا ہے جس سے شہریوں میں شرکت کا احساس اُجاگر ہوتا ہے۔

کے ایم سی ورک فلو:

ورک فلو منسلکہ مراحل کے ایک سلسلے پر مشتمل ہے جہاں بلا کسی تاخیر کے ایک بعد ایک مرحلہ آپ کی رہنمائی کرتا ہے۔ مینجمنٹ ورک ایک ایسا نظام ہے جو ایک ڈھانچے میں کاموں کے سلسلے کو سنبھالتا ہے تاکہ نتائج برآمد کیے جاسکیں۔ اگرچہ مینجمنٹ ورک فلو کا آپشن استعمال کنندہ کو ٹاؤنز، یونین کونسلز اور ڈپارٹمنٹس کے حوالے سے کام سے متعلق سرچ آپشن فراہم کرتا ہے۔ استعمال کنندہ درج کردہ شکایات پر عمل درآمد، اسٹیٹس اور کراچی میں روزانہ ہونے والی سرگرمیوں کے بارے میں جان سکتا ہے۔ شہر کے انفرا اسٹرکچر کے بارے میں جاننے کیلئے استعمال کنندہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی مرحلہ وار تفصیل بھی دیکھ سکتا ہے۔ مینجمنٹ ورک فلو ایک ایسا اسٹرکچر ہے جو کاموں کو خودکار انداز میں ترتیب دیتا ہے اور یقینی بناتا ہے کہ بقایا کاموں پر توجہ دی جارہی ہے۔ اس سیکشن کے ذریعے استعمال کنندہ ہدایات اور مواقعوں اور مہمات پر منصوبوں کے بارے روزانہ معلومات حاصل کرسکتا ہے۔ استعمال کو جاری اور آئندہ شروع ہونے والے منصوبوں کے بارے باآسانی بتایا جاسکتا ہے۔

مینجمنٹ ورک فلو:

یہ آپشن شہری زندگی میں وقوع پذیر ہونے والے ایونٹس کے بارے میں استعمال کنندہ کو بتاتا ہے۔

کمپلینٹس:

کمپلینٹس کراچی کے شہریوں کیلئے معلومات اور فیڈ بیک کا ایک بہت اہم ٹیب ہے۔ یہ انہیں اجازت دیتا ہے کہ وہ باآسانی ایک موبائل فون ایپلی کیشن کے ذریعے اپنی دائر کردہ شکایت پر عمل درآمد کے مرحلے کے بارے میں جان سکیں۔ اس سیکشن میں CCIS میں دستیاب تمام شکایات کا اندراج ہے۔

کسی کی بھی شکایت کا اسٹیٹس اور اس پر عمل درآمد کے نتیجے میں مرحلہ وار الرٹس فراہم کی جاتی ہیں۔ سروسز مکمل فیڈ کا مکینزم دستیاب ہے اور قانونی معاملات میں رہنمائی کے کیلئے ماہرانہ رہنمائی بھی دستیاب ہے۔ اس ایپلی کیشن کے ذریعے شہری شکایات درج کرواسکتے ہیں، رپورٹس حاصل کرسکتے ہیں، فیڈ بیک فراہم کرسکتے ہیں اور کسی بھی آفس میں درخواست دائر کرنے کا طریقہ کار سمجھ سکتے ہیں۔ 1339 کے رابطہ مرکز کے ذریعے شکایات لاک کردی جاتی ہیں لیکن پھر بھی استعمال کنندہ اپنی شکایت کا موجودہ اسٹیٹس دیکھ سکتا ہے اور اگر شکایت دُور کردی گئی ہو، حل کے لیے سونپ دی گئی ہو یا ابھی بھی عمل درآمد کی منتظر ہو تب بھی مکمل اسٹیٹس معلوم کیا جاسکتا ہے۔ سرکاری محکموں میں درخواست کے طریقوں کے بارے میں بھی معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں۔

اناؤنسمنٹس اینڈ الرٹس:

یہ تمام لوگوں کے لیے بہت اہم آپشن ہے۔ یہ استعمال کنندہ کو مختلف معلومات مثلاً نماز کے اوقات کار، موسم کی صورتحال، شہر میں متوقع کاروباری منصوبوں کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ جو استعمال کنندہ کو ترجیحی سرمایہ کاری اور اس کی منصوبہ بندی میں مدد دے سکتی ہیں۔ یہ زیرتعمیر سائٹس، جاری پروجیکٹس، ایونٹس، پبلک نوٹسز اور نیلام کے بارے میں تمام ضروری معلومات پر فوکس کرتا ہے۔ مختصراً یہ کہ ایک آپشن پر سنگل کلک استعمال کنندہ کو معلومات کے سمندر میں لے جاتا ہے جو مصروف شہری زندگی میں کارگر بھی ہوگی۔

رائزنگ کراچی کے آغاز سے انہیں شہر کے بارے معلومات کے حصول کیلئے گھنٹوں انٹرنیٹ کے سامنے نہیں بیٹھنا پڑے گا۔ رائزنگ کراچی تمام شہریوں کو یوزر فرینڈلی انداز میں اُن کی جیب یا ہتھیلی پر ساری معلومات فراہم کرتا ہے۔ رائزنگ کراچی پاکستان کے دیگر شہروں خاص طور پر مقامی حکومتوں کے لیے ایک تحریک اور مثال ثابت ہوگا جبکہ ملک کے دیگر شہروں کے رہنے والے بھی کراچی میں دستیاب بہترین ڈاکٹروں، اسپتالوں، تفریحی مقامات، رہائشی سہولتوں اور سروسز کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

